حصہ ۔ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کے 4 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 2 آنکھ کھلنے پر لڑکے نے کیا فیصلہ کیا؟

سوال نمبر 3 حسن میمندی کون تھا؟ اور اس نے محمود غزنوی کی خدمت میں کیا عرض کی؟

سوال نمبر 4 رسول کریم ﷺ نے عورتوں کے مرتبے کو بلند کرنے کے لیے کیا ارشاد فرمایا؟

سوال نمبر 5 دنیا میں قومیت کی تشکیل کے دو بنیادی نظریے کون کون سے ہیں؟

سوال نمبر 6 علیم نے غریب خاندان کی کس طرح مدد کی؟

سوال نمبر 7 توصیف نے خواب میں کیا دیکھا؟

سوال نمبر 8 عبداللہ کو یہ یقین کیوں تھا کہ زبیر کو پھانسی نہیں دی جاسکتی؟

سوال نمبر 9 بنیے نے خان صاحب پر ڈگری کیوں جاری کرائی؟

سوال نمبر 10 مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں استعمال کیجئے۔

بسم اللہ ۔ سبحان اللہ ۔ ماشاءاللہ ۔ الحمدللہ

سوال نمبر 11 مولوی عبدالحق اپنے خط میں مکتوب الیہ کو کس چیز سے روکنا چاہتے تھے؟

سوال نمبر 12 مطلع اور مقطع کے فرق کو واضح کیجئے۔ اور مثال دیجئے۔

سوال نمبر 13 مندرجہ ذیل کے سابقے اور لاحقے لگا کر الفاظ بنایئے۔

غیر ۔ ناک ۔ لا ۔ گرم

حصہ ۔ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ: مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 3 سوالات کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کے 8 نمبر ہیں۔

سوال نمبر 14 مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کیجئے۔

"شام نے آکر اندھیرے کی سیر پیچ میں رکھ دی۔"

سوال نمبر 15 مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک شعر کی بحوالہ تشریح کیجئے۔

(الف) مقدم بہر طور اسکی رضا ہے ہر اک آدمی اس کے در کا گدا ہے

(ب) شمع کی مانند ہم اس بزم میں چشم نم آئے تھے، دامن تر چلے

سوال نمبر 16 مندرجہ ذیل میں سے کسی بھی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔

سندھ میں علم و فضل ۔ قرطبہ کا قاضی

سوال نمبر 17 "حرکت میں برکت ہے" پر ایک مضمون لکھیئے۔

سوال نمبر 18 نظم "جنگ یرموک کا ایک واقعہ" کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھئے۔